کے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کرنے کے بعد مطالبہ کیا کہ دارالعلوم حقانیہ ہمارے دینی مدارس کی سرپرستی فرمائے، حضرت مہتمم صاحب نے مکمل تعاون کا یقین دلایا۔ انہوں نے دارالعلوم حقانیہ کے ''گلشن قرآن'' پارک میں مدیرالحق مولانا راشد الحق کی فرمائش پر شجرکاری مہم کا افتتاح بھی کیا۔اس سے کچھ روز قبل مورخہ ۱۹ فروری کو نائیجیرین صدر کے خصوصی ایلچی کو لے کر سفیر موصوف مولانا سے اہم ملاقات کیلئے لاہور پہونچے تھے کیونکہ مولانا لاہور کے بعض پروگراموں میں مصروف تھے اور اسلام آباد یا اکوڑہ خٹک میں ملاقات مشکل تھی۔

دارالعلوم میں ششماہی امتحانات اور دس دن کی تعطیلات

دارالعلوم میں ششماہی امتحانات ۲۱ فروری تا ۲۴ فروری تک جاری رہے، حضرت مولانا انوارالحق صاحب کی زیرنگرانی تمام اساتذہ کرام نے انتہائی محنت اور جانفشانی کیساتھ خدمات سرانجام دیں۔ امتحانات کے بعد بعد دس دن کی تعطیلات ہوئیں۔

زیرتعمیر جامع مسجد کے سلسلے میں مختلف اضلاع میں فضلائے حقانیہ کی میٹنگز

زیرتعمیر جامع مسجد شیخ الحدیث مولانا عبدالحقؒ کے حوالے سے دارالعلوم حقانیہ کے قدیم فضلاء کے ساتھ مختلف اضلاع میں اجلاس منعقد کئے گئے' جس میں دارالعلوم کے اساتذہ حضرت مولانا انوار الحق صاحب کے ساتھ وفد میں شریک رہے۔ ایک اجلاس ضلع بنوں کے فضلاء کے لئے المرکز الاسلامی میں مولانا نسیم علی شاہ کی میزبانی میں ہوا، دوسرا اجلاس جامعہ دارالعلوم الاسلامیہ اضاخیل بالا میں حضرت باچا صاحب کی زیرسرپرستی ہوا، تیسرا اجلاس ضلع صوابی میں جامعہ رحمانیہ مینئی میں منعقد ہوا۔ تمام اجلاسوں میں دارالعلوم حقانیہ کے قدیم و جدید فضلاء کے ساتھ ساتھ اہل علاقہ اور دیگر علمائے کرام نے بھرپور شرکت کی اور دارالعلوم کی مسجد کے بارے میں فکر مند ہوئے۔ مینئی صوابی اور اضاخیل کے اجلاسوں میں حضرت مہتمم صاحب مدظلہ خود بھی شریک ہوئے۔

مولانا احمد عبدالرحمٰن صدیقی، خلیفہ مجاز حضرت لاہوریؒ کی رحلت

گزشتہ دنوں ضلع نوشہرہ کے قابل فخر علمی شخصیت، دارالعلوم حقانیہ کے قدیم ترین فاضل حضرت امام احمد علی لاہوریؒ کے خلیفہ مجاز اور خادم خاص حضرت مولانا احمد عبدالرحمٰن صدیقی صاحب طویل علالت کے بعد انتقال فرماگئے۔ مرحوم کافی عرصہ تک نوشہرہ کالج میں پڑھاتے رہے۔اس کے ساتھ ساتھ سالانہ سیرتؐ